سوال

(56) آدم علیہ السلام کی پیدائش

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آدم علیہ السلام کون سی مٹی سے پیدا کیئے گئے ؟ کہا جاتا ہے کعبہ کی مٹی سے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

یہ غلط ہے کہ کیونکہ حدیث میں ثابت ہے ابو موسیٰ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ،میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے فرما رہے تھے ، ''اللہ نے آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا جو مٹھی ساری زمین سے تھی تو تو اولاد مختلف زمین کے مطابق بعض سرخ ہیں بعض سفید ہیں بعض کالے اور بعض ان کے مابین ہیں بعض نرم ہیں بعض سخت اور بعض اچھے اور بعض برے ہیں'' ۔

احمد (4 406) ترمذی (2 124) ابو داوٗد (2 296) مشکوٰۃ (1 22) سند اس کی صحیح ہے ۔ اس حدیث سے بعض کے قول کے تردید ہوتی ہے ،کیا ہی اچھے ہیں علم حدیث کہ سب کچھ اس میں موجود ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الدین الخالص

ج1ص133

محدث فتویٰ